# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON PARLIAMENTARY AFFAIRS ON THE BIOMETRIC ELECTORAL VOTING Bill, 2021.

I, Chairman of the Standing Committee on Parliamentary affairs, have the honour to present this report on the Bill further to provide for biometric electoral voting relating to the conduct of elections [The Biometric Electoral Voting Bill, 2021] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 20th October, 2021.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | **Mr. Mujahid Ali** | **Chairman** |
| **2.** | Mr. Sher Ali Arbab | Member |
| **3.** | Mr. Jawad Hussain | Member |
| **4.** | Mr. Mansoor Hayat Khan | Member |
| **5.** | Mr. Aftab Hussain Siddiqui | Member |
| **6.** | Ms. Maleeka Ali Bukhari | Member |
| **7.** | Ms. Rukhsana Naveed | Member |
| **8.** | Mst. Shaeen Naaz Saifullah | Member |
| **9.** | Ms. Zill-e-Huma | Member |
| **10.** | Ms. Fozia Behram | Member |
| **11.** | Dr. Khalid Maqbool Siddiqui | Member |
| **12.** | Ch. Mehmood Basheer Virk | Member |
| **13.** | Rana Sana Ullah Khan | Member |
| **14.** | Rana Mubashir Iqbal | Member |
| **15.** | Mr. Abdual Rehman Khan Kanju | Member |
| **16.** | Mr. Aftab Shahaban Mirani | Member |
| **17.** | Mr. Mahesh Kumar Malani | Member |
| **18.** | Ms. Shams-un-Nisa | Member |
| **19.** | Mr. Qadir Khan Mandokheil | Member |
| **20.** | Moulana Abdul Akbar Chitrali | Member |
| **21.** | Mr. Ali Muhammad Khan<br>State Minister for Parliamentary Affairs | Ex-officio Member |

**3.** The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **(Annex-A)**, in its meeting held on 7th January, 26th August, 2nd December, 2021 and recommended that the Bill may not be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 27th December, 2021

**Sd/-**
**(MUJAHID ALI)**
Chairman

AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE ANNEX-'A'

A

BILL

to provide for biometric electoral voting relating to the conduct of elections.

WHEREAS it is expedient to provide for biometric electoral voting relating to the conduct of elections and matters connected therewith or ancillary thereto;

It is hereby enacted as follows: -

**1. Short title, extent and commencement.** — (1) This Act may be called the Biometric Electoral Voting Act, 2020.

(2) It extends to the whole of Pakistan.

(3) It shall come into force at once.

**2.Definitions:** - In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context, -

i. "DRE Voting Machine" means the Direct-Recording Electronic Voting Machine in which the votes of the voters are recorded through electronic server.

ii. "Nadra" means National Database and Registration Authority constituted under Nadra Ordinance 2000, in order to facilitate the registration of all persons and the establishment and maintenance of multipurpose databases, date warehouses, networking, interfacing of databases and related facilities.

iii. "National Bank of Pakistan" means Pakistani government-owned commercial bank which is a subsidiary of State Bank of Pakistan.

iv. "Habib Bank Limited" means the multinational and the largest bank of Pakistan.

v. "Disabled People" means someone who has a physical or mental impairment that has a substantial and long-term adverse effect on his or her ability to carry out normal day-to-day activities.

vi. "Rural Area" means a geographic area that is located outside towns and cities which has lesser facilities as compared to Urban Area.

vii. "Foreign Voters" means the residents of abroad, who wants to vote for the elections being conducted in Pakistan, also known as the Overseas Pakistani.

viii. "Authorized Person/s" means the persons who will be appointed by the government for conducting the process of elections.

**3. Elections by Direct-Recording Electronic (DRE) voting machines.** - (1). The Elections shall be conducted by Direct Recording Electronic Voting Machines, which shall be procured as intended by way of legal procedures, by the Ministry of Information Technology and Telecommunication.

(2). The Direct Recording Electronic Voting Machines shall be affiliated with National Database and Registration Authority (NADRA).

(3). National Database and Registration Authority (NADRA) shall be responsible for providing all the data of the citizens to the Ministry of Information Technology and Telecommunication.

**4.Direct Recording Electronic Voting Machines' setup.** - (1) The Direct Recording Electronic Voting Machines' shall be setup in all the branches of National Bank of Pakistan and Habib Bank Limited and they shall be responsible to entertain the voters for their vote casting.

(2). The aforementioned branches shall remain open during the election days and for the hours as prescribed for voting.

(3). There shall be a commission consisting of 5 people, in every districts of Pakistan, in order to reach out to disabled people for their vote casting, and to the rural areas, where the facilities of concerned banks are not established.

(4). Each commission shall be provided one Direct Recording Electronic Voting Machine, accompanying all required appliances for its operation.

**5.Online Voting Site:** - (1) There shall be an online voting site, for the foreign voters, which shall be designed by the Ministry of Information Technology and Telecommunication.

(2). The online voting site can only be accessed by the foreign voters, present in abroad, by entering their personal required information.

**6.Online Commission:** - (1) There shall be a commission, consisting of number of peoples as required for serving the purpose, shall control the Direct Recording Electronic Voting Machines online.

(2). After the conclusion of polling, the authorized person/s (as appointed by the Government for serving the purpose) shall access the voting machines, and will gather all the votes, which shall be announced accordingly.

## STATEMENT OF OBIECTS AND REASONS

Electronic voting technology intends to speed the counting of ballots, reduce the cost of paying staff to count votes manually. Also, in the long term, expenses are expected to decrease. Results can be reported and published faster. Voters save time and cost by being able to vote independently from their location. This may increase overall voter turnout. The citizen groups benefiting most from electronic elections are the ones living abroad, citizens living in rural areas far away from polling stations and the disabled with mobility impairments. For the country, electronic voting may improve the country's image and serve as a promotion.

Sd-

**MR. Muhammad Aslam Khan,**

Member National Assembly

## قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## بائیو میٹرک الیکٹورل ووٹنگ بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور کی رپورٹ۔

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے پارلیمانی امور ۲۰/ اکتوبر، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ انتخابات کے انعقاد سے متعلق بائیو میٹرک الیکٹورل ووٹنگ کے اہتمام بل [بائیو میٹرک الیکٹورل ووٹنگ بل، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب مجاہد علی | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب شیر علی ارباب | رکن |
| ۳۔ | جناب جواد حسین | رکن |
| ۴۔ | جناب منصور حیات خان | رکن |
| ۵۔ | جناب آفتاب حسین صدیقی | رکن |
| ۶۔ | محترمہ ملیکہ علی بخاری | رکن |
| ۷۔ | محترمہ رخسانہ نوید | رکن |
| ۸۔ | محترمہ شاہین ناز سیف اللہ | رکن |
| ۹۔ | محترمہ ظل ہما | رکن |
| ۱۰۔ | محترمہ فوزیہ بہرام | رکن |
| ۱۱۔ | ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی | رکن |
| ۱۲۔ | چوہدری محمود بشیر ورک | رکن |
| ۱۳۔ | رانا ثناء اللہ خان | رکن |
| ۱۴۔ | رانا مبشر اقبال | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عبدالرحمٰن خان کانجو | رکن |
| ۱۶۔ | جناب آفتاب شعبان میرانی | رکن |
| ۱۷۔ | جناب مہیش کمار ملانی | رکن |
| ۱۸۔ | محترمہ شمس النساء | رکن |
| ۱۹۔ | جناب قادر خان مندوخیل | رکن |
| ۲۰۔ | مولانا عبدالاکبر چترالی | رکن |
| ۲۱۔ | جناب علی محمد خان<br>وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے ۷/ جنوری، ۲۶/ اگست اور ۲/ دسمبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں (منسلکہ۔الف) کے طور پر موجود قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی ہے کہ قومی اسمبلی بل کو منظور نہ کرے۔

دستخط۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط۔
(مجاہد علی)
چیئرمین

اسلام آباد، ۷/۲۴ دسمبر، ۲۰۲۱ء

منسلکہ "الف"

[قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں]

## انتخابات کے انتظام و انصرام سے متعلق قوانین میں ترمیم کرنے، مجتمع اور یکجا کرنے کا

## بل

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ انتخابات کے انتظام و انصرام سے متعلق قوانین میں ترمیم کرنے، ان کو مجتمع اور یکجا کرنے اور اس سے منسلکہ اور اس کے ذیلی معاملات کے لیے احکام وضع کئے جائیں؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

1۔ **مختصر عنوان، وسعت و آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا بائیو میٹرک انتخابی رائے دہی ایکٹ، ۲۰۲۰ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر وسعت پذیر ہوگا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

2۔ **تعریفات:۔** ایکٹ ہذا میں بجز اس کے کہ کوئی امر متن یا سیاق کے منافی ہو؛ (i) "ڈی آر ای ووٹنگ مشین" سے مراد براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک ووٹنگ مشین ہے جس میں رائے دہندگان کے ووٹوں کو الیکٹرانک سرور کے ذریعے ریکارڈ کیا جاتا ہے۔

(ii) "نادرا" سے مراد نادرا آرڈیننس ۲۰۰۰ء کے تحت قائم کردہ نیشنل ڈیٹا بیس ور جسٹریشن اتھارٹی ہے تاکہ تمام افراد کی رجسٹریشن میں معاونت کی جائے اور کثیر المقصد ڈیٹا بیسز، ڈیٹا ویئر ہاؤسز، نیٹ ورکنگ، ڈیٹا بیسز اور متعلقہ سہولیات کو باہم منسلک کر کے چلانا۔

iii) "نیشنل بینک آف پاکستان" سے مراد پاکستانی حکومت کا ملکیتی ایک تجارتی بینک جو بینک دولت پاکستان کا ذیلی ادارہ ہے؛

iv) "حبیب بینک آف پاکستان" سے مراد کثیر القومی اور پاکستان کا سب سے بڑا بینک ہے؛

v) "معذور افراد" سے مراد وہ شخص ہے جو ایسی جسمانی یا ذہنی معذوری کا شکار ہو جس سے اس کی روزمرہ معمولات انجام دینے کی صلاحیت پر طویل المدتی اور منفی اثر پڑتا ہو۔؛

vi) "دیہی علاقہ" سے مراد ایسا جغرافیائی علاقہ ہے جو قصبوں اور شہروں کے باہر واقع ہو اور جس میں شہری علاقہ کے مقابلے میں کم سہولیات موجود ہوں۔"

vii) "غیر ملکی رائے دہندگان" سے مراد بیرون ملک مقیم شہری ہیں جو پاکستان میں منعقد ہونے والے انتخابات میں ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں، یہ سمندر پار پاکستانیوں کے نام سے بھی جانے جاتے ہیں۔؛

viii) "مجاز شخص / اشخاص" سے مراد وہ افراد ہیں جن کو حکومت انتخابات کے عمل پر عملدرآمد کے لیے مقرر کرے گی۔؛

3۔ **براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک (DRE) ووٹنگ مشینوں کے ذریعے انتخابات۔**

(۱) انتخابات براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک مشینوں کے ذریعے کروائے جائیں گے جو وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی مواصلات کے ذریعے قانونی طریق کار کے ذریعے حاصل کیے جائیں گے۔

(۲) براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک ووٹنگ مشین، قومی ڈیٹا بیس اور رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) سے منسلک ہوں گی۔

(۳) قومی ڈیٹا بیس و رجسٹریشن اتھارٹی تمام شہریوں کے اعداد و شمار وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات کو فراہم کرنے کی پابند ہوگی۔

4۔ **براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کا سیٹ اپ:۔**

(۱) براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک ووٹنگ مشین، نیشنل بینک آف پاکستان اور حبیب بینک لمٹیڈ کی تمام شاخوں میں قائم کی جائیں گی اور یہ رائے دہندگان کو رائے شماری کے لیے موقع فراہم کرنے کی پابند ہوں گی۔

(۲) مذکورہ بالا شاخیں انتخابات کے دنوں اور ووٹوں کے لیے مقرر کردہ گھنٹوں کے دوران کھلی رہیں گی۔

(۳) پاکستان کے ہر ضلع میں ۵ افراد پر مشتمل ایک کمیشن ہوگا تاکہ وہ ووٹ ڈالنے کے ضمن میں معذور افراد تک اور دیہی علاقوں جہاں متعلقہ بینکوں کی سہولیات قائم نہیں ہیں، تک پہنچے۔

(۴) ہر ایک کمیشن کو ایک براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک ووٹنگ مشین، بمعہ اس کو چلانے کے لیئے درکار تمام مطلوبہ آلات، فراہم کی جائے گی۔

5۔ **آن لائن ووٹنگ مقام۔** (۱) غیر ملکی رائے دہندگان کے لیے، وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات کی جانب سے ڈیزائن کردہ آن لائن ووٹنگ مقام ہوگا۔

(۲) آن لائن ووٹنگ سائٹ پر صرف بیرون ملک موجود رائے دہندگان اپنی مطلوبہ ذاتی معلومات داخل کر کے ہی رسائی حاصل کر سکیں گے۔

6۔ **آن لائن کمیشن۔** (۱) ایک کمیشن ہوگا جس میں اس مقصد کے لیے درکار مطلوبہ افراد کی تعداد شامل ہوگی اور یہ آن لائن براہ راست ریکارڈنگ الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو کنٹرول کرے گا۔

(۲) پولنگ کے اختتام پر (حکومت کی جانب سے اس مقصد کے لیے مقرر کردہ) مجاز شخص (اشخاص) ووٹنگ مشینوں تک رسائی حاصل کرے گا اور تمام ووٹ جمع کرے گا اور بعد ازیں جن کے مطابق اعلان کیا جائے گا۔

## بیان اغراض ووجوہ

الیکٹرانک ووٹنگ ٹیکنالوجی کا مقصد رائے شماری کے عمل میں تیزی لانا اور دستی طور پر ووٹوں کی گنتی کیلئے عملے کو ادا کی جانے والی لاگت کو کم کرنا ہے۔ مزید یہ کہ طویل المدتی بنیاد پر اخراجات کم ہونے کی توقع ہے۔ نتائج تیزی سے رپورٹ اور شائع کیے جاسکیں گے۔ رائے دہندگان کا وقت اور پیسہ بچے گا کیونکہ وہ اپنے مقامات سے آزادانہ طور پر ووٹ ڈالنے کے قابل ہوں گے۔ اس سے بحیثیت مجموعی ووٹروں کی جانب سے ووٹ ڈالنے کے عمل میں اضافہ ہوگا۔ الیکٹرانک انتخابات سے سب سے زیادہ فائدہ بیرون ملک مقیم شہریوں، پولنگ اسٹیشنوں سے دور دیہی علاقوں کے شہری اور نقل و حرکت نہ کرسکنے والے شہریوں کو ہوگا۔ الیکٹرانک ووٹنگ سے ملک کے امیج اور تشخص میں خاطر خواہ بہتری آئے گی۔

دستخط/۔

جناب اسلم خان،

رکن، قومی اسمبلی